س۔ پاکستان میں انتہا پسندی کے کیا اسباب ہیں؟ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اس کے اثرات کا جائزہ لیں۔

تعارف:

پاکستان میں مختلف فرقے، قبائل اور مذاہب کے لوگ موجود ہیں جن کی وجہ سے ملک انتہا پسندی جیسے خطرات سے دوچار ہے۔ اس کے مختلف اسباب ہیں

جن میں افغان جنگ اور مذہب کی غلط تشریحات وغیرہ موجود ہیں۔ اس کی وجہ سے ملک اسلامی اور اسلام دونوں کی بیرونی تصویر ایک سوالیہ نشان بن کر سامنے آتی ہے۔ اس کے سد باب کے لیے مضبوط اقدام ہی ملک کو زوال سے بچا سکتے ہیں۔

پاکستان میں انتہاپسندی :

پاکستان میں مختلف فرقے، مذاہب اور قبائل کے لوگ رہائش پزیر ہیں۔ ان سب کا ایک ہی جگہ رہ کر مختلف سوچ اور بیانات انتہاپسندی کی وجہ بنے ہیں۔ اس کی بنا پر لوگ ایک دوسرے کے نظریات اور عقائد سے منافی حرکات و سکنات کرتے ہیں جس سے ملک میں دہشت گردی، انتہاپسندی اور مختلف برائیاں جنم لیتی ہیں۔

پاکستان میں پختون، بلوچی اور ان میں موجود مختلف عناصر ایک علیحدہ قومیت کے نظریے کے پیش نظر ملک میں

تاریخ ________

مختلف تحریکوں میں شامل نظر آتے ہیں۔
ان کی وجہ سے نوجوان ~~ان~~ ~~انتہا~~ انتہا پسندی
اور دوسری ملک ~~دوسرے~~ دشمن طریقوں
کو ~~اسے~~ استعمال کر کے ملک میں بدامنی
اور دہشت کی کیفیت پیدا کرتے ہیں۔

پاکستان میں انتہا پسندی کے اسباب:

پاکستان میں انتہا پسندی کے مختلف اسباب
ہیں۔

۱۔ سوویت افغان جنگ میں پاکستان کا کردار:

پاکستان نے سوویت یونین اور افغان جنگ
میں جہاد کے نام پر کچھ جنگجو قبائل کی
ٹریننگ میں حصہ لیا۔ اس میں امریکا اور
سعودی عرب نے ~~اس~~ اس کا ساتھ دیا۔ اس
کے نتیجے میں بہت سے ملک دشمن نظریات
سے تعلق رکھنے والے لوگ پاکستان میں
انتہا پسندی کو فروغ دیتے ہیں اور ایسے ایسے
گروپ اب ملک میں انتشار
اور انتہا پسندی میں ملوث ہیں۔

تاریخ:______

2۔ ملک میں غربت اور بے روزگاری:

ملک میں بڑھتی مہنگائی، غربت اور بے روزگاری نے ملک دشمن طاقتوں کو مضبوط ہونے کا موقع دیا۔ اس کے نتیجے میں ملک مختلف برائیوں کے ساتھ ساتھ ~~لوگ~~ انتہا پسندی ~~کو فروغ دیا~~ کا بھی گڑھ بن چکا ہے۔

3۔ اسلامی اور قرآنی تعلیمات کی غلط تشریح:

اسلام میں دی گئی قرآنی تعلیمات اور احادیث کو غلط طریقے سے ہر فرقے کی تشریح پاکستان میں انتہا پسندی کی ایک بڑی وجہ ہے۔ اس سے ہر فرقہ اپنی اپنی تعلیمات اور تشریح کرتا ہے اور ملک میں انتشار پیدا ہوتا ہے۔

4۔ قبائلی تنازعات:

ملک میں موجود اقلیتوں اور قبائل کا ایک دوسرے سے برتری حاصل کرنے کی دوڑ میں لگنا ~~اور~~ قبائلی تنازعات کو فروغ دیتا ہے۔ اس سے ملک میں بدامنی کی فضا قائم ہوتی ہے۔

تاریخ ________

5۔ فرقہ واریت اور شرپسند عناصر:

اسلام فرقہ واریت سے منع فرماتا ہے۔ مگر پاکستان میں ایسے عناصر جا بجا ملتے ہیں۔ شیعہ سنی تنازعات اور مختلف سنیوں کے مختلف گروہوں اور فرقوں میں تنازعات سے شرپسند عناصر جنم لیتے ہیں۔ اور پاکستان میں انتہا پسندی روز بروز بڑھتی نظر آتی ہے۔ جیسا کہ قرآن میں ارشاد ہے:

"اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھو اور تفرقے میں نہ پڑو۔" (القرآن)

انتہا پسندی کے اثرات:

پاکستان میں انتہا پسندی کے معاشرے پر بدترین اثرات سامنے آئے ہیں۔

1۔ ملک میں امن و امان کی بدترین صورتحال:

پاکستان میں انتہا پسندی کی بدولت ملک میں امن و امان کی صورتحال بد سے بدترین ہوتی نظر آتی ہے جس سے ملک کی معاشی، سماجی اور معاشرتی ساکھ بھی

تاریخ ....

متاثر ہوتی ہے۔

۲۔ اسلام کی مسخ شدہ تصویر:

اسلام کی عالمی ساکھ اور تصویر انتہاپسندی سے بہت برے طریقے سے متاثر ہوتی ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسلام ایک جنگجو مذہب ہے۔ اس سے اسلام کی عالمی تصویر پر سوالیہ نشان آتا ہے۔ جبکہ اسلام ایک امن پسند دین ہے۔

۳۔ پاکستان میں معاشی رکاوٹیں:

انتہاپسندی کی وجہ سے ملک بے شمار معاشی برائیوں کا شکار ہوتا ہے۔ اس کی وجہ سے بین الاقوامی معاہدے اور تعلقات متاثر ہوتے ہیں اور ملک معاشی بحران کا شکار ہوتا ہے۔

۴۔ نوجوانوں پر برے اثرات:

جہاد کے اصل مقصد سے عاری انتہاپسند عناصر نوجوان نسل کو اپنا نشانہ بناتے ہیں اور اس وجہ سے ملک میں بدامنی اور بدانتظامی وجود میں آتی ہے۔ نوجوان

اس کی زد میں آ کر دہشت گردی اور مختلف مصائب کا شکار ہوتے ہیں اور اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر اس لڑائی میں شامل ہوتے ہیں۔ جیسا کہ حضورؐ کا ارشاد ہے:
"جس نے ایک انسان کا قتل کیا اس نے پوری انسانیت کا قتل کیا"۔ (المائدہ ۵)

اختتام:

اسلام مسلمانوں کو امن و سلامتی کا درس دیتا ہے۔ مگر پاکستان میں شرپسند عناصر نے انتشار اور بدامنی پھیلا کر انتہا پسندی کو جنم دیے ہیں۔ اس کی وجہ سے ملک میں معاشی اور معاشرتی کمزوریاں سامنے آتی ہیں جن کے نتیجے میں ملک ترقی اور امن سے دور ہو جاتا ہے۔ پاکستان میں حکومتی پالیسیوں کے نتیجے میں اس عمل میں بہت سارا کام کیا جا سکتا ہے۔

س: اسلام میں عورتوں کے حق وراثت پر ایک تفصیلی شذرہ قلمبند کریں۔

تعارف

اسلام نے وراثت کی تقسیم میں عورتوں کو بھی ان کا حق عطا کیا ہے اسلام نے عورتوں اور مردوں کو ان کے مساوی حقوق عطا کیے ہیں ہر معاملے میں اسلام کی تعلیمات کی پیروی انسان کے لیے ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ عورتوں کے وراثت میں حقوق بھی اسلامی تعلیمات کا حصہ ہیں۔

اسلام میں عورتوں کے حقوق:

اسلام نے مرد اور ~~عورت~~ کے ساتھ ساتھ عورت

تاریخ ______

کو اس کے حقوق کی فراہمی بھی یقینی بنائی ہے۔ اسلام میں عورت کو بہت سے حقوق میسر ہیں مثلاً جائیداد کا حق، نکاح کا حق، وراثت کا حق وغیرہ۔ غرضیکہ اسلام نے عورت کو سماجی، سیاسی اور تعلیمی ہر طرح کے حقوق فراہم کیے۔

عورت کا حصہ وراثت:

اسلام نے ~~عورت~~ بیٹی کا حصہ وراثت میں بیٹے کے حصے کا ~~سے~~ آدھا قائم کیا۔

اسلام نے ~~ماں~~ بیوی کا حصہ (اگر اولاد نہیں ہے) تو ایک آٹھواں حصہ۔

اگر اولاد ہے تو ایک چوتھائی۔

اسلام نے ~~بہن کا حصہ~~ ماں کا چھٹا حصہ قائم کیا۔ اگر اولاد ہے تو دو تہائی حصہ قائم کیا۔

اسلام نے عورت کو جائیداد اور وراثت میں حصے کی تلقین کی۔ اور جو ان تعلیمات کی روگردانی کرے گا تو وہ روزِ محشر رب کی شفاعت سے محروم رہ جائے گا۔ (مترجم)

عورتوں کے حقوق کی اہمیت:

دین اسلام عورت کو بھی مرد کے ساتھ ساتھ عزت، عزمت اور بلندی کا مرتبہ فراہم کرتا ہے۔ اسلام عورت کو ماں، بیٹی، بیوی ہر روپ میں اس کو حق فراہم کرتا ہے تاکہ اگر وہ ~~بیوی~~ ماں ہے تو اپنے بچوں کی بہترین پرورش کر سکے، اگر بیٹی ہے تو ملک و ملت کی سربلندی کے لیے کام کرے۔

اسلام مرد کو بھی عورت کی حفاظت اور اس کے حق کی ادائیگی کا ضامن بناتا ہے جیسا کہ ارشاد ہے:

"اور مردوں کو ہدایت ہے کہ وہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور عورتوں کو ہدایت ہے کہ وہ بھی اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں"۔ (القرآن)

الغرض کہ اسلام ہر دور میں عورت کی عزت کا تحفظ اور اس کے حقوق کی پاسداری کا درس دیتا ہے۔ اور وراثت میں برابر کا شریک ٹھہراتا ہے۔

تاریخ: ________

اختتام :

اسلام عورت اور مرد کو دونوں کو ان کے متعلق اختیارات میں ان کے مساوی حقوق دیتا ہے۔ ~~اور~~ اس ضمن میں وراثت میں بھی بیٹی، بیوی اور ماں کو ان کا حصہ عطا کرتا ہے اور اس کی اہمیت اجاگر کرتا ہے۔ پس تمام مسلمان اسلامی تعلیمات پر عمل کر کے بہترین نمونۂ عمل پیش کر سکتے ہیں۔